نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

کپاس کے کاشتکار رس چوسنے والے کیڑوں اور سنڈیوں کے تدارک کے لئے فصل کی نگہداشت پر خصوصی توجہ دیں اور ہفتہ میں دوبار پیسٹ سکاؤٹنگ کریں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور 18 اگست 2023:( ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کپاس کی فصل نازک مرحلہ میں داخل ہو چکی ہے اور ٹینڈے بننے کا عمل جاری ہے لہذا کپاس کے کاشتکار فصل کی بہتر نگہداشت کے لئے ترجیحاً اقدامات کریں۔کاشتکار رس چوسنے والے کیڑوں اور سنڈیوں کے تدارک کے لئے فصل کی ہفتے میں دو بار پیسٹ سکاؤٹنگ کریں اور اگر کیڑوں کا حملہ نقصان کی معاشی حد سے زیادہ ہو تو محکمہ زراعت کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے جدید کیمسٹری والی زہروں کا سپرے کریں۔ترجمان نے مزید کہا کہ ایک ہی گروپ کی زہروں کا سپرے بار بار نہ کریں کیونکہ اس سے کیڑوں کی متعلقہ زہروں کے خلاف قوت مدافعت بڑھ جاتی ہے۔کپاس کے رس چوسنے والے کیڑوں کی موثر تلفی کیلئے ہالوکون نوزل کا سپرے کریں۔کاشتکار کھیتوں اور روٹوں کو جڑی بوٹیوں سے پاک رکھیں اور نائٹروجنی کھاد کا استعمال محکمہ زراعت توسیع کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے کریں۔ترجمان نے مزید کہا کہ کپاس کی چنائی کا عمل جاری ہے۔کاشتکار کپاس کی آلودگی سے پاک چنائی کریں کیونکہ آلودگی سے پاک چنی ہوئی پھٹی کے نرخ زیادہ ملتے ہیں۔صاف ستھری اور معیاری پھٹی کے حصول کے لیے محکمہ زراعت کی سفارشات اور احتیاطی تدابیر کو مدِنظر رکھیں۔کاشتکار چنائی اس وقت شروع کریں جب تقریباً 50 فیصد سے زیادہ ٹینڈے کھل چکے ہوں۔چنائی ہمیشہ پودے کے نچلے حصے کے کھلے ہوئے ٹینڈوں سے شروع کی جائے اور بتدریج اوپر کو چنائی کرتے جائیں تاکہ نیچے کے کھلے ہوئے ٹینڈے خشک پتوں، چھڑیوں یا کسی دوسری چیز کے گرنے سے محفوظ رہیں۔چنائی کرنے والی خواتین سر پر سفید سوتی کپڑے سے بالوں کو اچھی طرح ڈھانپ کر چنائی کریں تاکہ سر کے بال پھٹی میں شامل ہو کر روئی کی کوالٹی خراب نہ کریں۔چنائی کے وقت ٹینڈے پودوں سے نہیں توڑنے چاہیے بلکہ ان میں سے کپاس چن لی جائے اور ٹینڈوں میں کپاس بالکل نہیں رہنی چاہیے۔کپاس کی چنائی کا درمیانی وقفہ 15 سے 20 دن رکھیں۔

☆☆☆☆☆